اخبار الجامعہ

محمد ایوب غلام/عبدالرحیم روزی

2-7-08 جامعہ دارالعلوم میں منعقدہ چھ روزہ ریفریشر کورس کی اختتامی تقریب منعقد ہوئی۔

17-8-08 مجلس عاملہ کی میٹنگ ہوئی جس میں الاثر پبلک سکولز بلتستان کے حوالے سے درج ذیل فیصلے ہوئے:

۱۔ درج ذیل ارکان سکول کے نئی گورننگ باڈی کی حیثیت سے کام کریں گے:

مولانا عبدالرحمن حنیف (سرپرست اعلیٰ)، مولانا عبدالواحد عبداللہ (چیئرمین)، مولانا عبدالقادر رحمانی، مولانا محمد یوسف سالک، عبداللہ صاحب ریٹائرڈ D.I.S، عبدالسلام بلغاری مشیر عصری علوم ممبران۔

۲۔ مقامی تعلیمی کمیٹیوں کی بھی تشکیل نو کی جائے گی۔

ہم امید کرتے ہیں یہ باڈی جذبہ خدمت دین ووطن سے سرشار ہوکر کام کرے گی، تعلیم اور نظم وضبط کو انارکی وانحطاط کا شکار ہونے سے بچائے گی اور اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرے گی۔

24-8-08 مجلس شوریٰ کے اجلاس میں فیصلہ ہوا کہ: بڑھتی ہوئی مہنگائی کے پیش نظر جامعہ کے تمام عملہ کے مشاہروں میں ماہ ستمبر سے 10% اضافہ کیا جائے گا۔

مولانا ثناء اللہ سالک نے ناظم مالیات کے منصب سے استعفیٰ دیا، جوکہ منظور کیا گیا۔آپ پچھلے 32 سالوں سے اس منصب پر فائز چلے آرہے تھے، آپ کی جگہ مولانا یوسف سالک مدرس جامعہ ہذا منتخب ہوا۔

آئندہ سے جامعہ دارالعلوم میں سالانہ تعطیلات موسم سرما میں 21 دسمبر تا 21 فروری، اور موسم گرما میں 21 جولائی تا 21 اگست ہوں گی۔

7-9-08 امام محمد بن سعود یونیورسٹی ریاض کے پروفیسر جناب ڈاکٹر عاصم عبداللہ نے کلیۃ الحدیث میں طلباء اور کلیۃ البنات میں طالبات سے خطاب کیا۔اس کے بعد اساتذہ کرام سے علیحدہ خطاب فرمایا، آپ کا یہ خطاب تعلیم وتربیت اور پند ونصائح کا ایک اعلیٰ مرقع تھا۔

الاثر پبلک سکولز بلتستان کے سیکنڈ ٹرم امتحان ۲۰۰۸ء کے نتائج کا خلاصہ یہ ہے:

اول: الاثر پبلک سکول یوگو دوم: الاثر پبلک سکول کریس سوم: الاثر پبلک سکول غواڑی